
# انی کٹ

امجد نجمی




**تعارف:** ''انی کٹ'' کٹک میں ایک باندھ ہے جہاں مہاندی کے پانی کو روک کر آب پاشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ذیل کی نظم اڈیشا کے استاد شاعر جناب امجد نجمی مرحوم کے مجموعۂ کلام ''طلوع سحر'' سے لی گئی ہے۔ امجد نجمی ۲۹/ اکتوبر ۱۸۹۹ء کو کٹک میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد محمد یوسف اڈیشا کے ایک جانے مانے شاعر تھے۔ امجد نجمی کو آل آندھرا اردو مجلس نے ''نجم الشعرا'' کے خطاب سے نوازا تھا۔ آپ کے کلام کے دو مجموعے ''طلوع سحر'' اور ''جوئے کہکشاں'' کو ڈاکٹر کرامت علی کرامت نے مرتب کر کے شایع کیا ہے۔ امجد نجمی کی وفات یکم فروری ۱۹۷۴ء کو کٹک میں ہوئی۔



بہارِ موسم باراں ہے نجمی
مزے یاں لوٹتے ہیں لوگ کیا کیا
عجب دلکش ہے یہ نظارۂ آب
رواں کچھ اس طرح تیزی سے ہے یہ
نہیں لاتا ہے خاطر میں کسی کو
روانی میں ہے اپنی مست ایسا
کہیں بل کھا رہا ہے چلتے چلتے
کہیں انگڑائیاں لیتا چلا ہے
کہیں پڑتے ہیں اس میں آبلے سے
ہماری عمر بھی یونہی رواں ہے
یہ نقشہ ہے ہماری زندگی کا

اٹھاؤ چل کے کچھ لطفِ انی کٹ
جہاں دیکھو وہاں ہے ایک جمگھٹ
عجب بیدار کُن ہے اس کی آہٹ
کہ توسن جایے جیسے کوئی سرپٹ
حقیقت میں بہت ہی ہے یہ منہ پھٹ
جو پیش آیے اسے کہتا ہے چل ہٹ
کہیں گر کر سنبھل جاتا ہے جھٹ پٹ
بدلتا ہے کہیں رہ رہ کے کروٹ
کہیں جاتا ہے سینے کی طرح پھٹ
ہمارے دن بھی جاتے ہیں یونہی کٹ
کہ جس میں لاکھ کھٹ پٹ، لاکھ لٹ پٹ





## سوالات

۱۔انی کٹ کیا ہے؟
۲۔شاعر کس موسم میں انی کٹ کا لطف اٹھانا چاہتا ہے؟
۳۔شاعر نے منہ پھٹ کس کو کہا ہے؟
۴۔کس کی طرح ہماری عمر بھی رواں دواں ہے؟
۵۔شاعر کے خیال میں ہماری زندگی کا نقشہ کیسا ہے؟

## مشق

۱۔لفظ و معنی

| لفظ | معنی |
|---|---|
| باراں | بارش کا مہینہ |
| لطف | مزہ |
| دلکش | دل کو کھینچنے والا۔پسندیدہ |
| توسن | گھوڑا |
| آبلہ | چھالا۔پھپھولا |
| رواں | بہتا ہوا۔تیز |

۲۔اس شعر کا مطلب لکھیے:

ہماری عمر بھی یونہی رواں ہے　　ہمارے دن بھی جاتے ہیں یونہی کٹ

۳۔لکیر کھینچ کر ایک مصرعے کو دوسرے درست مصرعے کے ساتھ جوڑیے۔

| ''الف'' | ''ب'' |
|---|---|
| کہیں پڑتے ہیں اس میں آبلے سے | اٹھاؤ چل کے کچھ لطفِ انی کٹ |
| کہیں بل کھا رہا ہے چلتے چلتے | حقیقت میں بہت ہی ہے یہ منہ پھٹ |
| نہیں لاتا ہے خاطر میں کسی کو | کہیں گر کر سنبھل جاتا ہے جھٹ پٹ |
| بہارِ موسمِ باراں ہے تجھی | کہیں جاتا ہے سینے کی طرح پھٹ |

۴۔ذیل کے لفظوں میں سے پانچ مذکر اور پانچ مؤنث الفاظ چن کر ذیل کے خانوں میں تحریر کیجیے۔

آب۔موسم۔زندگی۔لطف۔نقشہ۔عمر۔دن۔آہٹ۔حقیقت۔بہار

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مذکر | | | | | |
| مؤنث | | | | | |

۵۔آپ کے لیے کام:

انی کٹ کی تصویر حاصل کر کے اردو پروجیکٹ کاپی میں چسپاں کیجیے اور اس کے نیچے نظم کا پہلا شعر خوش خط لکھیے۔

★★★